A+

eduresourceza.com

Downloaded from eduresourceza.com

NATIONAL SENIOR CERTIFICATE EXAMINATION
NOVEMBER 2023

URDU SECOND ADDITIONAL LANGUAGE: PAPER I

Time: 2 hours | 100 marks

PLEASE READ THE FOLLOWING INSTRUCTIONS CAREFULLY

1. This question paper consists of 9 pages. Please check that your question paper is complete.
2. Read the questions carefully and follow all instructions.
3. Start each question on a new page. Answer both Sections A and B.
4. All answers must be in URDU.
5. Number your answers exactly as the questions are numbered.
6. Leave a line open between each answer.
7. It is in your own interest to write legibly and to present your work neatly.

Downloaded from eduresourceza.com

IEB Copyright © 2023

Downloaded from eduresourceza.com

SECTION A

QUESTION 1 COMPREHENSION

سوال نمبر ایک:

کہانی پڑھیے۔

حامد شریر بچّہ تھا۔ وُہ ہر وَقت کوئی نہ کوئی شرارت کرتا رہتا تھا۔ کبھی بہن کی کاپی پھاڑ دی تو کبھی گھر کی کوئی چیز خراب کر دی۔ امّی اور ابّا نے اسے کئی بار سمجھایا کہ گھر کی چیزوں کو خراب نہیں کرنا چاہیے۔ گھر کی چیزوں کی حفاظت کرنی چاہیے۔ ہر وقت شرارت کرنے سے اُسے بھی نقصان پہنچ سکتا ہے۔ کئی بار اسے سزا بھی ملی۔ لیکن اس نے اپنی عادت نہ چھوڑی۔

ایک دن حامد کی امّی صحن کی صفائی کر رہی تھیں۔ حامد کمرے میں کھیل رہا تھا۔ اُسے شرارت سوجھی۔ وہ سٹول پر چڑھ کر چھلانگیں لگانے لگا۔ امّی نے آ کر اسے روکا۔ مگر وہ باز نہ آیا۔ وُہ چھلانگیں لگا رہا تھا کہ ایک دم سٹول پھسل گیا۔ سٹول دیوار سے جا ٹکرایا۔ سٹول کی ایک ٹانگ ٹوٹ گئی۔ حامد فرش پر گر پڑا۔ اس کے پاؤں میں موچ آ گئی۔ وہ درد سے رونے لگا۔ رونے کی آواز سُن کر حامد کی امّی دوڑتی ہوئی آئیں۔ اُسے اُٹھایا اور ڈاکٹر کے پاس لے گئیں۔ ڈاکٹر نے حامد کے پاؤں پر پٹّی باندھ دی۔

Downloaded from eduresourceza.com
IEB Copyright © 2023

Downloaded from eduresourceza.com

سوال نمبر ا نیچے دیئے ہوئے سوالوں کا جواب لکھیئے۔

ا	حامد کیسا لڑکا تھا؟	(2)
۲	وہ گھر میں کیوں رونے لگا؟	(2)
۳	حامد کی امّی گھر میں کیا کر رہی تھی؟	(2)
۴	جب وہ گر پڑا تو حامد نے کیا کِیا؟	(2)
۵	امّی جان حامد کو ڈاکٹر کے پاس کیوں لے گئی؟	(2)

سوال نمبر ۲ جُملے پورے کیجیے:

ا	ایک دن حامد کی امّی صحن میں ____________________	(1)
۲	ڈاکٹر نے حامِد کے پاؤں پر ____________________	(1)
۳	وہ ہر وقت کوئی نہ کوئی ____________________	(1)
۴	حامِد سٹول پر چڑھ کر ____________________	(1)
۵	حامِد نے اپنی عادت ____________________	(1)

سوال نمبر ۳ الفاظ کو جُملوں میں لکھیے۔

ا	سزا	(1)
۲	خراب	(1)
۳	عادت	(1)
۴	آسان	(1)
۵	صحن	(1)

سوال نمبر ۴ پیراگراف لکھیئے: (۸-۱۰ لائن)

حامد کی شرارت کے بارے میں ایک پیراگراف لکھیئے۔ (۸-۱۰ لائن) (10)

[30]

Downloaded from eduresourceza.com

Downloaded from eduresourceza.com

QUESTION 2 LANGUAGE

سوال نمبر ۲: گرامر

دُودھ کے دانت

کل جب ناصِر سکوُل آیا تو اس کا سامنے کا ایک دانت غائب تھا۔ بچّوں نے دیکھا تو وُہ ناصِر سے مَذاق کرنے لگے۔

اکبر نے کہا: "ناصِر کا دانت چُوہا لے گیا۔" اختر بولا: "نہیں چُوہا نہیں، چیل لے گئی ہوگی۔" انور نے کہا: "چُوہا نہ چیل، ہو نہ ہو اِسے کوّا لے اُڑا۔" غَرض کِسی نے کُچھ کہا کِسی نے کُچھ۔

ماسٹر صاحب بچّوں کی باتیں سُن کر مُسکرائے اور اُن سے کہنے لگے: "بچّو! تم جانتے ہو کہ ناصِر کا دانت گِر گیا ہَے۔ پِھر بھی اُس کا مَذاق اُڑا رہے ہو۔ ناصِر کا یہ دانت دُودھ کا دانت تھا۔ دُودھ کے دانت کمزور ہوتے ہَیں۔ ناصِر اب مَاشَاءَ اللّٰہ بڑا ہو رہا ہَے۔ اِسے مضبُوط دانتوں کی ضرُورَت ہَے۔ اِس لِیے اِس کے دُودھ کے دانت ایک ایک کر کے گِر جائیں گے۔ اِن کی جگہ نئے دانت نِکل آئیں گے۔ نئے دانت بہُت مضبُوط ہوں گے۔ ناصِر اِن دانتوں سے سخت چیزیں چبا سکے گا۔

یہ صِرف ناصِر ہی کی بات نہیں، ہر بچّہ جب چھے سات برس کا ہوتا

سوال نمبر ا   نیچے دیئے ہوئے سوالوں کے جواب لکھیے۔

ا   ناصِر کے دانت کو کیا ہوا تھا؟ (2)

۲   ماسٹر صاحب کیوں مسکرانے لگے؟ (2)

۳   اکبر نے کیا کہا تھا؟ (2)

۴   دودھ کے دانت کیسے ہوتے ہیں؟ (2)

Downloaded from eduresourceza.com
IEB Copyright © 2023

Downloaded from eduresourceza.com

سوال نمبر ۲ جمع میں لکھیے:

۱	بات	(1)
۲	دانت	(1)
۳	بچّہ	(1)
۴	چیز	(1)
۵	جگہ	(1)

سوال نمبر ۳ الفاظ کو جُملوں میں لکھیے۔

۱	اسکول	(1)
۲	چوہا	(1)
۳	مسکرانا	(1)
۴	کمزور	(1)
۵	سخت	(1)

سوال نمبر ۴ الفاظ کی ضد لکھیے

۱	سامنے	(1)
۲	کمزور	(1)
۳	نرم	(1)
۴	بہت	(1)
۵	صاحب	(1)

سوال نمبر ۵ پیراگراف لکھیے

اس کہانی کا خُلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیے۔(۶-۸)لائن۔ (7)

[30]

60 marks

Downloaded from eduresourceza.com

Downloaded from eduresourceza.com

SECTION B PRESCRIBED TEXT

QUESTION 3 SHORT STORY

سوال نمبر ۳- اسکول

ہمارا سکول گاؤں سے باہر ہے۔ سکول کے پانچ کمرے ہیں۔ روشنی اور تازہ ہوا کے لیے کمروں میں کھڑکیاں ہیں۔ کمروں میں ٹاٹ بچھے ہیں۔ دیواروں پر چارٹ لگے ہیں۔ ہر کمرے میں تختہ سیاہ، میز اور کرسی ہے۔ ہمارے سکول میں ایک کھلا میدان ہے۔ ہم یہاں کھیلتے ہیں۔

سکول کے صحن میں پھولوں کے پودے ہیں۔ ہم ان پودوں کی حفاظت کرتے ہیں۔ انھیں پانی دیتے ہیں۔ ہم اپنے سکول کو صاف ستھرا رکھتے ہیں۔

ہم بڑے شوق سے سکول جاتے ہیں۔ استاد ہمیں پیار اور محنت سے پڑھاتے ہیں۔ استاد ہمیں صاف ستھرا رہنے کو کہتے ہیں۔ ہمارے کپڑوں، دانتوں اور ناخنوں کی صفائی دیکھتے ہیں۔ ہم اپنے استادوں کا ادب کرتے ہیں۔ ہم صاف ستھرے رہتے ہیں۔

ہمارے سکول کے بچے آپس میں مل جل کر رہتے ہیں۔ ایک دوسرے کی چیزوں کی حفاظت کرتے ہیں۔ ہم اپنے سکول سے بہت پیار کرتے ہیں۔

سوال نمبر ۱: نیچے دیئے ہوئے سوالوں کا جواب لکھیے۔

۱ اسکول میں کتنے کمرے ہیں؟ (1)

۲ دیواروں پر کیا لگے ہیں؟ (1)

۳ ہر کمرے میں کیا کیا ہے؟ (1)

۴ میدان میں بچے کیا کرتے ہیں؟ (1)

۵ استاد ہمیں کس طرح پڑھاتے ہیں؟ (1)

Downloaded from eduresourceza.com
IEB Copyright © 2023

Downloaded from eduresourceza.com

سوال نمبر ۲ جُملے پورے کیجیے

۱	روشنی اور تازہ ہوا کے لئے	____________________	(2)
۲	اسکول کے بچّے شوق سے	____________________	(2)
۳	استادوں کا ادب کرنا	____________________	(2)
۴	ہم کو ہر وقت مِل جُل کر	____________________	(2)

سوال نمبر ۳ پیراگراف لکھیئے:(۶-۸) لائن لکھیے

ہمیں استاد کا ادب کرنا ضروری ہے۔ (7)

[20]

Downloaded from eduresourceza.com

Downloaded from eduresourceza.com

QUESTION 4 POETRY

سوال نمبر ۴- نظم

خُدا کی شان

اے زمین آسمان کے مالِک
ساری دُنیا جہان کے مالِک
تُو ہی ہے سب کو پالنے والا
کام سب کا نِکالنے والا
Line 5 بُھوک میں تُو ہمیں کِھلاتا ہے
پیاس میں تُو ہمیں پلاتا ہے
آنکھ دی تُو نے دیکھنے کے لیے
کام کرنے کو ہاتھ پاؤں دِیے
بات کے سُننے کو دِیے دو کان
بات کہنے کو تُو نے بخشی زبان
Line 11 دِن بنایا کمائی کرنے کو
رات دی تُو نے نیند بھرنے کو
تیرے قبضے میں سب خُدائی ہے
تیرے ہی واسطے بڑائی ہے

(حالی)

Downloaded from eduresourceza.com
IEB Copyright © 2023

Downloaded from eduresourceza.com

سوال نمبر ۱: ان سوالوں کا جواب لکھیئے۔

۱	زمین اور آسمان کا مالک کون ہیں؟	(1)
۲	ساری دُنیا کو کس نے پیدا کیا؟	(1)
۳	اللہ نے رات اور دن انسان کے لئے کیوں پیدا کیا؟	(1)
۴	کام کرنے کے لئے اللہ نے ہم کو کیا دیئے؟	(1)
۵	شاعر کا نام لکھیئے؟	(1)

سول نمبر ۲:

ان اشعار کے معانی اردو میں لکھیئے۔

۱	بھوک میں تو ہمیں کھلاتا ہے	پیاس میں تو ہمیں پلاتا ہے	Line 5	(3)
۲	دن بنایا کمائی کرنے کو	رات دی تو نے نیند بھرنے کو	Line 11	(3)

سوال نمبر ۳:

۱ اس نظم کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیئے۔(۸-۱۰ لائن) لکھیئے۔ (9)

[20]

40 marks

Total: 100 marks

Downloaded from eduresourceza.com
IEB Copyright © 2023